بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
سیدی
یارسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم
سایہ مصطفیٰ مائیہ اصطفا
عز و ناز خلافت پہ لاکھوں سلام
یعنی اُس افضل الخلق بعد الرسل
ثانی اثنین ہجرت پہ لاکھوں سلام
اصدق الصادقین سیدّ المتقین
چشم و گوش وزارت پہ لاکھوں سلام
(اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی رحمتہ اللہ علیہ)
جانشین رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم
حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ
ڈاکٹر محمد مالک
ماہر امراض دماغ، نفسیات و منشیات
سابق کیمکولین (کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج و میو ہسپتال لاہور
پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹیٹیوٹ PGMI لاہور
خورشید کلینک بلاک 16 ڈیرہ غازی خان
منجانب
الرضا اسلامک سنٹر بلاک نمبر 16 ڈیرہ غازی خان (پاکستان)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ رب العزت کا لاکھ لاکھ احسان ہے کہ اس نے ہمیں حضور ﷺ کے وسیلہ جلیلہ سے دین اسلام کی نعمت سے نوازا۔ سبحان اللہ۔ دین اسلام اپنی کاملیت وحقانیت میں ایک ایسا فروزاں وتاباں دین ہے کہ حضور ﷺ کی دعوت حق پر لبیک کہتے ہوئے جو شخص دائرۂ اسلام میں داخل ہوتا چلا گیا وہ خود بھی تاباں ومنور ہوتا گیا اور درجہ صحابیت کا ایک درخشاں ستارہ بن گیا۔

اس بزم ہدایت کی شمع حضور ﷺ پر پروانہ وار قربان ہونیوالی عظیم ہستیوں میں سرفہرست امیر المومنین جانشین رحمت عالم خلیفہ بلافصل حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جلوہ نما نظر آتے ہیں۔

سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی سیرت مبارکہ کے مختلف گوشوں اور پہلوؤں پر ایک اجمالی تذکرہ پیش خدمت ہے تاکہ یہ کاوش ہم سب کیلئے دین ودنیا کی خیر وعافیت کا باعث بن جائے اور آج بھی ہم سب سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوکر سچائی، شرافت، تقویٰ، ایمانداری اور زبان وحواسِ خمسہ کی حفاظت کرسکتے ہیں۔

ارشاد نبوی ﷺ ہے

- ☆ جو میرے اور میرے صحابہ کی تعلیمات پر عمل کرے گا راہ نجات پائے گا۔
- ☆ میرے صحابہ ستاروں کی مانند ہیں۔ یعنی رہبر عالم اسلام ہیں۔
- ☆ اگر تم مجھ کو دنیا میں نہ پاؤ تو ابوبکر (رضی اللہ عنہ) کے پاس چلے جانا۔
- ☆ میں نے سب کے احسانات کا بدلہ چکا دیا۔ سوائے ابوبکر کے جسکا بدلہ اللہ تعالیٰ بروز حشر دیگا۔
- ☆ مجھے ابوبکر کے مال نے سب سے زیادہ فائدہ دیا ہے اور ابوبکر سب سے زیادہ وقت میرے ساتھ رہے۔
- ☆ آسمان پر میرے دو وزیر ہیں (جبرائیل ومیکائل) اور زمین پر میرے دو وزیر ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہم ہیں
- ☆ ابوبکر غار ثور میں میرے رفیق تھے بہشت میں کوثر پیتے وقت بھی میرے ساتھ ہونگے۔

سوانح سیدنا ابوبکر صدیق۔ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ۔ پیکر صدق ووفا

پیدائش 572ء بمقام مکہ مکرمہ (رسول اکرم ﷺ سے تقریباً اڑھائی برس چھوٹے)

نام ونسب عبداللہ بن ابی قحافہ قریشی۔ چھٹی پشت میں شجرہ نسبت حضور ﷺ سے جاملتا ہے۔

کنیت ابوبکر (اہل عرب کے لئے قابل تعریف کام کرنے کی وجہ سے)

لقب عتیق (نار جہنم سے آزاد) صدیق (صدیق اکبر)

حلیہ مبارک چہرہ سفید، شگفتہ اور انتہائی پرکشش۔ بدن دبلا، آنکھیں روشن، پیشانی فراخ

والد کا نام عثمان بن عامر۔ کنیت۔ ابو قحافہ

والدہ کا نام سلمٰی بنت صخر (ام الخیر۔ غریبوں اور محتاجوں کی امداد کرنے والی)

اسلام لانے سے قبل 17 یا 19 قریشیوں میں سے ہیں جنہوں نے لکھنا پڑھنا سیکھ لیا تھا۔

- ☆ قریشیوں کی حکمران کونسل کے 10 ممبران میں سے ایک ممبر
- ☆ ابتدا ہی سے گمراہ کن اعتقادات، جاہلانہ رسومات الغرض تائید ایزدی سے ہر قسم کی آلائشوں بت پرستی اور شرک سے محفوظ رہے۔

☆ مکہ شہر میں آپ نے انسانی خدمت کیلئے مہمان خانہ بنا رکھا تھا جہاں باہر سے آنیوالے مسافروں کو رہائش اور کھانا مفت ملتا تھا۔

☆ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مخلص دوست، تجارت اور دیگر لین دین کے با اعتماد ساتھی۔

اسلام لانے کے بعد رسول عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جانثار ساتھی، سب سے زیادہ مخلص و ذہین دوست۔ ہر مشاورت میں شریک۔ اسلام کیلئے سب سے زیادہ جان و مال قربان کرنیوالے۔ ایمان صادق، بے مثال جرات اور بلند پایہ، استقلال و اعلیٰ اولوالعزمی کا سبق رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پڑھا تھا۔

علمی مقام علم القرآن، علم حدیث، علم فقہ، علم الانساب، علم تصوف، تعبیر رویا، تحریر و کتابت، تقریر و خطابت اور ذوق شعر و سخن میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔

افضلیت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ..............رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد

1- امت مسلمہ کے سب سے پہلے غوث ......سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ (بحوالہ ملفوظات اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمتہ اللہ علیہ)

2- ملت اسلامیہ کے سب سے پہلے فقہیہ ......سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

3- بیت اللہ شریف کے سب سے پہلے خطیب ......سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

4- پہلے صحابی رسول جن کے والد، والدہ، اولاد، پوتے اور نواسے شرف صحابیت کے اعلیٰ مقام پر فائز ہوئے۔

5- متعدد قرآنی آیات آپ کی شان میں نازل ہوئیں (ثانی اثنین اذھما فی الغار)

6- ملت اسلامیہ کے سب سے پہلے امیر حج ......سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

7- السابقون الاولون کی قرآنی بشارت میں سرفہرست ......سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

8- مسلمانوں کیلئے سب سے پہلے بیت المال قائم کیا......سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

9- پہلے جانشین رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ......سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

10- واقعہ معراج شریف کی سب سے پہلے تصدیق کرنے والے ......سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

11- ہجرت میں افضل، رفاقت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں افضل، جانشینی میں سب سے افضل ......سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

12- سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اپنے مختصر عہد خلافت میں عظیم الشان کارنامے سرانجام دیئے۔ مدعیان نبوت کا قلع قمع، مشرکین کی سرکوبی، منکرین زکوۃ سے جنگ، حضرت اسامہ بن زید کو ملک شام کی مہم پر روانہ کرنا، جمع و ترتیب قرآن۔

13- غزوات میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سب سے قریبی ساتھی۔

14- نیکیوں میں سب سے افضل ......سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

15- آپ نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے مل کر قرآن پاک جمع کروایا۔

16- عشرہ مبشرہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سرفہرست ...... سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

17- **رفاقت رسول ﷺ بعد از وصال** ۔ (أدخلوا الحبیب الی الحبیب۔ حبیب کو حبیب سے ملادو۔)

18- رسول کریم ﷺ کے حکم سے آپ نے مسجد نبوی شریف میں 17 نمازیں پڑھائیں۔

19- سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا مسلمان غلاموں کو ظالم کفار سے آزاد کرانا۔

20- سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی دین اسلام کی تبلیغی کوششوں سے ایمان لانیوالوں میں معروف نام:
حضرت عثمان بن عفان، عبدالرحمٰن بن عوف، طلحہ بن عبید اللہ، سعد بن ابی وقاص، حضرت ابوعبیدہ
رضوان اللہ علیہم اجمعین

21- **النظر الی وجہ رسول اللہ** اے آقا میری دید ہو اور آپ کا رخ انور ہو۔

22- سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی صحابیت کا انکار نصِ قطعی کا انکار ہے۔

23- **تعظیم اسم پاک** نام اقدس کو سن کر آنکھوں پر لگانا سنت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہے۔
(بحوالہ: منیر العین فی حکم تقبیل الابہامین۔ از مفکر اسلام اعلیٰ حضرت امام بریلوی رحمۃ اللہ علیہ)

24- **حضور ﷺ کی دعا** اے اللہ! ابوبکر کے صدقے میری امت کو بخش دے۔ (آمین)

25- **فرمان سیدنا صدیق اکبر** میرے لئے اللہ اور اس کا رسول ﷺ ہی کافی ہیں۔

خلافت خلیفۃ الرسول ﷺ۔ خلیفۃ المسلمین ...... سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

2 سال، 2 مہینے، 16 دن

فتوحات اسلامی 75 ہزار 840 مربع میل اضافہ

روزانہ اضافہ 94 مربع میل (150 کلومیٹر)

وصال مبارک

22 جمادی الثانی ۱۳ھ بمطابق 23 اگست 634ء بعد نماز مغرب بعمر 63 سال مدینہ منورہ

☆ المختصر ایمان لانے کے بعد سیدنا صدیق اکبر خلیفہ راشد اول برحق نے اپنی تمام قوت وقابلیت کل مال ومتاع، جان اور اولاد الغرض جو کچھ آپ کے پاس تھا تمام دین حق اسلام کی راہ میں وقف کردیا اور حبِ رسول اور اطاعت رسول ﷺ کا ایسا نمونہ پیش کیا جس کی مثال دُنیا کی پوری تاریخ پیش کرنے سے قاصر ہے۔

صدیق بلکہ غار میں جان اس پہ دے چکے
اور حفظِ جاں تو جان فروضِ غرر کی ہے (حدائق بخشش)

تعاون: **الرضا ریسرچ کونسل** بلاک نمبر 16 ڈیرہ غازی خان (پاکستان)

التماس پرنٹنگ پریس نزد پاکستانی چوک ڈیرہ غازی خان فون: 462986